السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سر میں کروف (انگریزی بال) رکھ کر اور داڑھی منڈوا کر نماز پڑھنی جائز ہے یا نہیں اور کروف رکھنے والے اور داڑھی منڈانے والے کا کیا حکم ہے ؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس صورت اور شکل اور حالت میں بھی نماز پڑھنی جائز ہی نہیں نہیں بلکہ ضروری اور فرض ہے خلاف شرع شکل اور وضع قطع بنالینے سے نماز ساقط نہیں ہوتی کروف رکھنے والا اور داڑھی منڈانے والا فاسق اور مخالف طریقہ رسول کے ہے ۔ آں حضرت ﷺ فرماتے ہیں : ''من تشبہ بقوم فھو منھم ،، (ابوداوَد : کتاب الصلاۃ ، باب من احق بالامامۃ (575)393/1) اور فرماتے ہیں : ''احفوالشوارب واعفوااللحی ،، وفی روایۃ ''وفرواللحی ،، (ابوداوَد (کتاب اللباس باب فی لبس الشھرۃ (4021)4/214،بخاری کتاب اللباس ، باب اعفاء اللحی 7/56، مسلم کتاب الطھارۃ باب خصال الفطرۃ (59)1/222.

(محدث دہلی ج:9ش:10، محرم 1361ھ فروری 1942ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

# فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

**جلد نمبر 1**

**صفحہ نمبر 230**

**محدث فتویٰ**